# HPV-ویکسینیشن

## کینسر کے خلاف ایک ویکسین

Urdu



## جب آپ کا بچہ 12 سال کا ہو جائے تو HPV-ویکسین یاد رکھیں

HPV-ویکسین بچوں کے ویکسینیشن پروگرام کا ایک حصّہ ہے

HPV-ویکسینیشن کے لئے ڈاکٹر کے ہاں وقت لیں

جب تک بچہ 18 سال کا ہو جائےHPV- ویکسین مفت ہے

HPV-ویکسین کے متعلق مزید پڑھنے کے لئے QR -کوڈ کو اپنے موبائل فون کے کیمرے سے سکین کریں۔

VARENUMMER: 5632 • JANUAR 2024


کینسر سے پاک
ایک زندگی

## اگر آپ HPV-ویکسین کے متعلق سوال پوچھنا چاہیں تو:

- cancer.dk/hpv پر جا کر مزید پڑھیں
- HPV-ڈاکٹر سے بات کریں
- HPV-لائن پر فون کریں، جہاں آپ کو ٹیلی فون نمبر 00 10 40 80 پر مفت مشورہ مل سکتا ہے

# HPV-بڑھ کرکینسر میں بدل سکتا ہے


HPV ایک وائرس ہے جسکی چھوت جنسی رابطے کے ذریعے لگتی ہے۔ HPV انتہائی متعدی ہے، تاہم آپ محسوس نہیں کر سکتے کہ آپ کو انفیکشن ہو گئی ہے۔




زیادہ تر صورتوں میں، جسم خود ہی HPV انفیکشن سے لڑتا ہے، لیکن یہ دائمی ہو سکتی ہے اور بڑھ کرکینسر میں تبدیل ہو سکتی ہے۔

# HPV-کینسر کی مختلف بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔




# HPV-ویکسین کینسر کے خلاف بچاؤ کرتی ہے

HPV-ویکسین زیادہ تر صورتوں میں رحم کی گردن میں کینسر، مقعد کے کینسر، فُرج میں کینسر اور عورتوں کے بیرونی جنسی اعضاء میں کینسر کے خلاف حفاظت کرتی ہے۔

ہم توقع کرتے ہیں کہ HPV-ویکسین عضو تناسل کے کینسر اور حلق میں کینسر کے خلاف بھی حفاظت کرتی ہے۔

اگر آپ HPV کی چُھوت لگنے سے پہلے ویکسین لگوا لیں تب وہ بہترین کام کرتی ہے۔

لہٰذا HPV-ویکسین بچوں کے ویکسینیشن پروگرام کا ایک حصّہ ہے۔ ڈینش کینسر سوسائٹی یہ تجویز کرتی ہے کہ جب بچہ 12 سال کا ہو جائے تو اسے HPV کے خلاف ویکسینیشن کروائیں۔